# 20-05-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن سے ملاقات کی۔ ریاست میں تعلیمی سرمایہ کاری کیلئے ایف آر بی ایم سے استثنیٰ دینے کا مطالبہ کیا۔

۲۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا کہ ریاست میں بی آر ایس کی خاندانی سیاست کا خاتمہ ہم نے کیا ۔انہوں نے الزام لگایا کہ اسی لئے ان پر بے بنیاد الزامات عائد کئے جارہے ہیں۔

۳۔ سپریم کورٹ نے مردم شماری میں ذات پر مبنی گنتی کو خارج کرنے کے احکامات جاری کرنے کی درخواست والی عوامی مفاد کی عرضی کو خارج کردیا۔

اور

۴۔ محکمہ موسمیات نے آج اور کل ریاست کے مختلف اضلاع کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ آئندہ تین دنوں کے دوران درجہ حرارت میں اضافہ کا امکان ظاہر کیا۔

CM Yadagirigutta

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اس مہینہ کی 23 تاریخ کو یادگیر گٹہ کے دورہ پر ہوں گے۔ اس ضمن میں ضلع کلکٹر انوراگ جینتی اور ایس پی آکانکش یادو نے عہدیداروں کے ساتھ انتظامات کا جائزہ لیا۔ ویدا اسکول کے سنگ بنیاد کے مقام کا دورہ کیا۔ حفاظتی انتظامات اور صفائی کے امور پر عہدیداروں کو ضروری ہدایت دی۔

PTC - YB

Supreme Court

سپریم کورٹ نے مردم شماری میں ذات پر مبنی گنتی کو خارج کرنے کے احکامات جاری کرنے کی درخواست والی عوامی مفاد کی عرضی کو خارج کر دیا۔ سپریم کورٹ میں دائر پی آئی ایل میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ ایجنسیاں ذات پر مبنی مردم شماری کے اعداد وشمار کا غلط استعمال کرسکتی ہیں۔ اس عرضی پر سماعت کرتے ہوئے چیف جسٹس جسٹس سوریہ کانت کی بنچ نے اہم ریمارکس کیئے۔ عدالت نے کہا کہ مردم شماری ذات کی بنیاد پر ہونی چاہئے یا نہیں، یہ ایک پالیسی معاملہ ہے۔ حکومت کو یہ جاننے کا حق ہے کہ پسماندہ طبقات کی آبادی کتنی ہے۔ عدالت نے کہا کہ یہ پالیسی سے متعلق معاملہ ہے اور اس میں مداخلت کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی لہٰذا عرضی مسترد کی جاتی ہے۔

Desk

NPDCL - RS

راجنا سرسلہ ضلع کوآپریٹو الیکٹرسٹی سپلائی سوسائٹی کی بجلی تقسیم کی ذمہ داریاں ناردرن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹڈ (این پی ڈی سی ایل) سرکل کے حوالہ کرنے سے متعلق ریاستی بجلی ریگولیٹری کمیشن نے حتمی احکامات جاری کر دئے ہیں۔ یکم اپریل سے نافذ عارضی انضمام پر موصول ہونے والے 1211 اعتراضات کا جائزہ لینے کے بعد ای آر سی نے 42 صفحات پر مشتمل رپورٹ جاری کی۔ تاہم، سی ای ایس انتظامیہ کی جانب سے عدالت میں دائر مقدمہ ابھی بھی زیر سماعت ہے۔

PTC - RS

HYD METRO 2ND PHASE:

حیدرآباد میٹرو کے دوسرے مرحلہ کے منصوبہ پر مرکزی حکومت کو اصولی طور پر کوئی اعتراض نہیں ہے اور مرکز و ریاستی حکومتیں 50:50 اخراجاتی بنیاد پر آگے بڑھنے کے لئے تیار ہیں۔ یہ بات مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے بتایا کہ مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر کے ساتھ حیدرآباد شہر کے ترقیاتی منصوبوں پر جائزہ اجلاس منعقد کیا گیا۔ریاستی حکومت کی جانب سے پیش کئے گئے 162 کلومیٹر میٹرو توسیعی منصوبہ کی ڈی پی آر موصول ہونے کے بعد مرکز اس پر مثبت انداز میں غور کرے گا اور آئندہ اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ امرت 2.0 اسکیم کے تحت 3975 کروڑ روپے کی لاگت سے دریائے موسیٰ کی صفائی کے لئے 39 سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس کی منظوری دی گئی ہے جن کے ذریعہ روزانہ 972 ملین لیٹر گندے پانی کو صاف کیا جائے گا۔

Desk

TPCC PRESIDENT:

ٹی پی سی سی صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے مردم شماری میں ذات پر مبنی گنتی کرانے سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ راہول گاندھی کے نظریات کے مطابق سماجی انصاف اور معاشی عدم مساوات کے خاتمے کے لئے ذات پر مبنی مردم شماری نہایت ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں تلنگانہ میں کامیابی سے مکمل ہونے والا ذات پات کا سروے پورے ملک کے لئے ایک مثال بن گیا ہے۔مہیش کمار گوڑ نے مطالبہ کیا کہ ریاستی حکومت کے اختیار کردہ اس سائنسی طریقہ کار کو اپناتے ہوئے مرکزی حکومت فوری طور پر ملک بھر میں جامع ذات پات پر مردم شماری کرائے۔

Desk

DY CM:

نئی دہلی میں مرکزی وزیر منوہر لال کھٹر کی صدارت میں منعقدہ 'سوچھ بھارت مشن۔اربن 2.0' قومی جائزہ اجلاس میں تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکہ نے شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں تلنگانہ وژن 2047 اہداف کے مطابق ریاست میں ماحول دوست انداز میں ترقی دی جارہی ہے۔انہوں نے ریاست میں پائیدارشہری ترقی اورسرکیولرا کانومی اقدامات کی تفصیلات پیش کیں۔انہوں نے کہا کہ کوراربن، پیری اربن اور دیہی زرعی علاقوں کی متوازن ترقی کے لئے حکومت CURE، PURE اور RARE پالیسی پرعمل کررہی ہے جبکہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ قواعد 2026 نظام میں اہم تبدیلیاں لائی جارہی ہیں۔

Desk

MEDICAL

ریاست کے سرکاری میڈیکل کالجوں میں 433 اسسٹنٹ پروفیسر عہدوں کی بھرتی سے متعلق عبوری میرٹ لسٹ میڈیکل اینڈ ہیلتھ سروس ریکروٹمنٹ بورڈ نے کل جاری کردی ہے۔اس ماہ کی 22 اور 23 تاریخ کو حیدرآباد کے وینگل راونگر میں واقع انڈین انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ اینڈ فیملی ویلفیئر کے احاطہ میں امیدواروں کی 1:3 تناسب سے سرٹیفکیٹ جانچ کی جائے گی۔بورڈ نے بتایا کہ جوامیدوار ویری فکیشن میں شرکت نہیں کرسکیں گے وہ 25 تاریخ کو آکر اپنے سرٹیفکیٹس جمع کراسکتے ہیں۔ سرٹیفکیٹ ویری فکیشن مکمل ہونے کے بعد ملازمتوں کے لئے منتخب ڈاکٹروں کی فہرست جاری کی جائے گی۔

Desk

Cabenit

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں اس مہینہ کی 23 تاریخ کو سکریٹریٹ میں کابینہ کا اجلاس منعقد ہوگا۔اس سے قبل کابینہ کا اجلاس اس مہینہ کی 21 تاریخ کو منعقد کرنے کے سلسلہ میں حکومت کی جانب سے جی او جاری کیا گیا تھا جبکہ اسی دن سرسوتی انتیا پشکرالو کا آغاز ہورہا ہے۔اِس ضمن میں کابینہ کے اجلاس کو تبدیل کرنے کا حکومت نے فیصلہ لیا۔کابینہ کے اجلاس میں کئی ایک اہم امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے فیصلوں کو منظوری دئے جانے کا امکان ہے۔دوسرے مرحلہ کے اندراماں مکانات اسکیم کا آغاز 2 جون سے ہورہا ہے۔اس سلسلہ میں مستحق افراد کے انتخاب کے پالیسیوں پر کابینہ میں تبادلہ خیال کیا جائے گا۔اراضیات کی قیمتوں میں اصلاحات،آبپاشی پروجکٹوں،ملازمتوں، پنشن،ہیلتھ کارڈ اورسرکاری ملازمتوں کی بھرتی،خانگی اسکولوں میں من مانی فیسوں کی روک تھام، صحافیوں کو مکانات کی تعمیر کیلئے اراضی کی فراہمی اوردیگرامور پر تبادلہ خیال کئے جانے کا امکان ہے۔

Desk

Competitions

حیدرآباد کے یوسف گوڑہ انڈوراسٹیڈیم میں آج تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کے زیرِاہتمام انٹرامیورل مقابلہ کامیابی کے ساتھ منعقد کئے گئے۔ریاست کے تمام اسٹیڈیموں کے منتظمین کو اپنے اپنے اسٹیڈیموں میں تربیت حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کے ساتھ ان مقابلوں کے انعقاد کی ہدایت دی گئی تھی جس کے تحت یہ مقابلہ منعقد ہوئے۔بیڈمنٹن،باسکٹ بال،باکسنگ،کراٹے،رولراسکیٹنگ اورریسلنگ سمیت چھ کھیلوں میں کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔مختلف عمر کے لڑکے اورلڑکیوں نے جوش و خروش کے ساتھ مقابلوں میں حصہ لیتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔

Desk

Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ بی جے پی میں ہر کارکن تربیت یافتہ اور منظّم انداز میں کام کرنے والا ہے۔انہوں نے کہا کہ عزم کے ساتھ کام کرنا صرف بی جے پی کارکنوں کی خصوصیت ہے۔آج حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے بنڈی سنجے نے کہا کہ حالیہ الزامات کے ضمن میں قانون کا احترام کرتے ہوئے اور تفتیش میں تعاون کے مقصد سے ہی انہوں نے اپنے بیٹے کو پولیس کے حوالی کیا۔انہوں نے الزام لگایا کہ ریاست میں بی آر ایس کی خاندانی سیاست کا خاتمہ بی جے پی نے کیا ہے اسی لئے ان پر بے بنیاد الزامات عائد کئے جا رہے ہیں۔

Desk

Bhati

مرکزی وزیرِ فینانس نرملا سیتارامن سے تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکر مارکا نے ملاقات کی۔اس موقع پر ریاست کے لئے مالی امداد فراہم کرنے کی درخواست کی گئی۔بھٹی وکر مارکا نے تعلیمی شعبہ میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کے اخراجات کے لئے اضافی مالی مدد طلب کی۔انہوں نے سسکی اسکیم کے تحت پانچ ہزار کروڑ روپے کی خصوصی امداد اور تعلیمی سرمایہ کاری کے لئے ایف آر بی ایم سے استثنیٰ دینے کی بھی درخواست کی۔انہوں نے بتایا کہ مالی سال 2025-26 کے دوران ریاست کو پہلے ہی 4 ہزار 208 کروڑ روپے منظور کئے جا چکے ہیں، تاہم ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کو جاری رکھنے کے لئے مزید مالی تعاون کی ضرورت ہے۔

Desk

Missile

ملک کے دفاعی شعبہ میں ایک اور تاریخی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ڈی آر ڈی او نے بغیر پائلٹ والے فضائی طیارہ سے داغے جانے والے جدید میزائل نظام کی تیاری کامیابی سے مکمل کرلی ہے۔ آندھراپردیش کے کرنول کے قریب DRDO کے تجرباتی مرکز میں یو اے وی لانچڈ پری سیشن گائیڈیڈ میزائل کے آخری تجربات کامیابی سے انجام دئے گئے۔اس میزائل کو زمین پر موجود اہداف کے ساتھ ساتھ فضا میں موجود اہداف پر بھی داغا جاسکتا ہے۔ یہ میزائل ٹینکوں کو تباہ کرنے، ڈرونز، ہیلی کاپٹروں اور دیگر فضائی اہداف کو نشانہ بنانے میں مؤثر ثابت ہوگا۔ یہ مکمل طور پر ہندوستانی دفاعی صنعت میں تیار کیا گیا ہے، جس میں متعدد مقامی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں اور MSMEs نے حصہ لیا۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے اس کامیابی کو آتمانربھر بھارت کی سمت ایک اہم سنگ میل قرار دیا جبکہ DRDO کے چیرمین ڈاکٹر سمیر وی کامت نے اس کامیابی پر تمام ٹیموں کو مبارکباد پیش کی۔

Desk

GHMC

تلنگانہ حکومت نے جی ایچ ایم سی سے متعلق نوئی شہری خدمات کومی سیوا، واٹس ایپ اور چیٹ باٹ کے ذریعہ دستیاب کردیا ہے۔عوام کے لئے ڈیجیٹل خدمات کومزید آسان بنانے کے مقصد سے یہ فیصلہ کیا گیا۔ الیکٹرانک سروس ڈلیوری محکمہ کے مطابق اب شہری واٹس ایپ کے ذریعہ ہی پراپرٹی ٹیکس، پیدائش اور وفات کے سرٹیفکیٹس میں ترمیم، ٹریڈ لائسنس کی تجدید سمیت دیگر خدمات ریاست بھر میں حاصل کرسکیں گے۔

DESK

MEDICAL SHOPS BANDH

ای۔فارمیسی کی فروخت کے خلاف فارمیسی کاروباری تنظیموں کی اپیل پر آج ملک بھر میں میڈیکل دکانوں کی ہڑتال جاری ہے۔اس کے تحت تلنگانہ میں بھی بیشتر میڈیکل شاپس بندرہیں۔عوام کو دشواری سے بچانے کے لئے وزیر داموودر راج نرسمہا نے تمام سرکاری اسپتالوں اوربستی دواخانوں کی فارمیسیوں کو چوبیس گھنٹے کھلا رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ ساتھ ہی اپولو اور میڈپلس جیسے کارپوریٹ میڈیکل اسٹورس کوبھی اپنی خدمات جاری رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔حکام نے کہا کہ ہنگامی ادویات کے لئے 1800-599-6969 ٹول فری نمبر پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

PTC, SANGAREDDY

Weather

تلنگانہ میں درجہ حرارت 45 ڈگری سے زیادہ ریکارڈ کیا جارہا ہے۔محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آج اورکل متحدہ عادل آباد، نظام آباد، کریم نگر، نلگنڈہ اورسوریہ پیٹ کیلئے ریڈالرٹ جاری کیا ہے۔آئندہ تین دنوں کے دوران درجہ حرارت میں اضافہ کا امکان ہے جبکہ دوسری جانب ریاست کے مختلف اضلاع میں گرم ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ بھدرادری، کھمم ،محبوب نگراور دیگراضلاع میں گرج وچمک کے ساتھ ہلکی تااوسط بارش ہونے کی بھی پیش قیاسی کی ہے۔

Desk/PN

Work Shop - Vivek

بھارت یوروپین یونین موبیلٹی پرسوماجی گوڑہ کے داپارک ہوٹل میں ریاستی سطح کاورکشاپ منعقد کیا گیا ہے۔ وزارت خارجہ اورای یو کے اشتراک سے انڈیا ای۔یومائیگریشن اینڈ موبیلٹی پروجیکٹ فیس 2 کے تحت منعقد کئے جانے والے اس پروگرام میں مہمان خصوصی کے طور پرریاستی وزیرو ویک

وینکٹ سوامی نے شرکت کی۔ بھارت ای۔یو کے ذریعہ بین الاقوامی ملازمتوں کے مواقعوں کی بہتری اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

Desk

❍❍